# سندھ آرڈیننس نمبرI مجریہ 2003

# SINDH ORDINANCE NO.I OF 2003

# سندھ (کسی بھی زمین سے معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری لینے پر پابندی) آرڈیننس، 2003

# THE SINDH (PROHIBITION OF TAKING MINERALS INCLUDING RETI (SAND) AND BAJRI FROM ANY LAND) ORDINANCE, 2003

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔ تعریف

Definitions

3۔ معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری لینے کے لیئے رجسٹریشن

Registration on taking minerals including

4۔ سزا

Punishment

5۔ ازالہ

Cognizance

6۔استثنیٰ

Indemnity

7۔ قواعد

Rules

# سندھ آرڈیننس نمبرIمجریہ 2003

# SINDH ORDINANCE NO.I OF 2003

# سندھ (کسی بھی زمین سے معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری لینے پر پابندی) آرڈیننس، 2003

# THE SINDH (PROHIBITION OF TAKING MINERALS INCLUDING RETI (SAND) AND BAJRI FROM ANY LAND) ORDINANCE, 2003

[10مئی2003]

آرڈیننس جس کے ذریعے کسی بھی زمین میں سے کھدائی یا دوسری صورت میں سندھ صوبے میں معدنیات سمیت ریتی (ریت)اور بجری لینے پر پابندی عائد کی گئی ہے؛

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں کسی بھی زمین میں سے کھدائی یا دوسری صورت میں سندھ صوبے میں معدنیات سمیت ریتی (ریت)اور بجری لینے پر پابندی عائد کرنے اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے، اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات کو نظر میں رکھتے ہوئے فوری قدم اٹھانا

ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے؛

| | |
|---|---|
| 1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ کی (کیسی بھی زمین سے معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری لینے پر پابندی) آرڈیننس، 2003 کہا جائے گا۔<br>(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔ | مختصر عنوان اور شروعات<br>Short title and commencement |
| 2. اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:<br>(a) "حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛<br>(b) "زمین" سے مراد پانی کے نیچے اور زمین کے زیر زمین شامل ہے؛ اور<br>(c) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد۔ | تعریف<br>Definitions |
| 3. سوائے حکومت کی پیشگی اجازت کے یا کسی بھی اتھارٹی یا آفیسر کے، اس حوالے سے بااختیار کوئی بھی فرد کسی بھی زمین میں سے کھدائی یا دوسری صورت میں معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری نہیں لے گا۔ | معدنیات سمیت ریتی (ریت) اور بجری لینے کے لیئے رجسٹریشن<br>Registration on taking mierals including |
| 4. جو کوئی بھی اس ایکٹ کی کسی بھی شقوں کی خلاف ورزی کرے گا، اس کو کنوینشن سزا دی جائے گی۔<br>(a) پہلی سزا کی صورت میں قید جو کہ تین ماہ تک ہو سکتی ہے اور | سزا<br>Punishment |

جرمانہ دس ہزار روپے سے زائد ہو ہو۔

(b) بعد میں کسی بھی سزا کی صورت میں قید کی سزا جو کہ ایک سال تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ بیس ہزار روپے سے زائد نہ ہو۔

ازالہ
Cognizance

5. کوئی بھی عدالت اس آرڈیننس کے تحت کسی بھی جرم کا نوٹس نہیں لے گی، سوائے حکومت کی طرف سے اختیار کردہ آفیسر کی تحریری شکایت کے۔

استثنیٰ
Indemnity
]

6. کسی بھی شخص کی طرف سے اس آرڈیننس کے تحت نیک نیتی سے کچھ کرنے یا کرنے کے ارادے پر اس کے خلاف کوئی بھی مقدمہ یا دوسری قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

قواعد
Rules

7. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن جاری کر سکتی ہے، کہ اس آرڈیننس کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیئے ضوابط بنائے جائیں۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**